شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

05 مئی 2023ء

پریس ریلیز

سیکورٹی فورس پر دہشت گرد حملوں میں اضافہ انتہائی تشویش ناک ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): سیکورٹی فورس پر دہشت گرد حملوں میں اضافہ انتہائی تشویش ناک ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے قرآن اکیڈمی لاہور میں خطابِ جمعہ کے دوران شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز پر دہشت گرد حملہ میں 6 فوجی جوانوں کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ ایک طویل عرصہ تک امریکہ کے فرنٹ لائن اتحادی بنے رہنے کی وجہ سے پاکستان کو تقریباً دو دہائیوں تک بدترین دہشت گردی کا سامنا رہااور بڑی تگ ودواور قربانیوں کے بعد دہشتگردی کے عفریت پر کافی حد تک قابو پایا لیا گیا تھا۔انتہائی دکھ کی بات ہے کہ خیبر پختونخوا کے مخصوص علاقوں میں ایک مرتبہ پھر دہشت گرد سرگرم ہو چکے ہیں جس سے سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں پر دہشت گرد حملے بڑھتے جارہے ہیں اور پاک فوج کے درجنوں سپاہی شہید ہو چکے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اس فتنہ نے دوبارہ کیوں سر اُٹھالیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ عوام الناس اور سیکورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانے والے درحقیقت صرف پاکستان ہی نہیں، انسانیت کے بھی دشمن ہیں۔ دہشت گردی کی اس نئی انتہائی خطرناک لہر میں ملوث مجرم اور اُن کے بیرونی سہولت کار اور پشتی بان درحقیقت پاکستان کے امن وامان کو تاراج کرنے کے منصوبہ پر عمل کر رہے ہیں۔ اُنہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت پاکستان فوری طور پر دہشت گردی کی اس وحشیانہ واردات میں ملوث تمام اندرونی و بیرونی سہولت کاروں کو کیفر کردار تک پہنچائے۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ ماضی میں بھی امریکہ اور بھارت کی پشت پناہی سے دہشت گرد گروہ پاکستان کو نقصان پہنچاتے رہے ہیں۔آخر میں اُنہوں نے شہداء کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 05 May 2023

"The surge in terrorist attacks on personnel of the security forces is a matter of grave concern."

Lahore (PR): "The surge in terrorist attacks on personnel of the security forces is a matter of grave concern."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, during the Khitab e Jumu'ah at Quran Academy Lahore, while vehemently condemning the terrorist attack on security forces in South Waziristan that resulted in the martyrdom of 6 personnel of the armed forces of Pakistan. The Ameer noted that almost two decades of terrorism of the worst kind that had engulfed the country following the decision by Pakistan to become a front-line ally of USA post 9-11 had been mostly overcome after tremendous effort and great sacrifice. It is very alarming that the terrorists have become active once against in certain regions of KP and have increased terrorist attacks on security personnel, in which dozens of personnel of the Pakistan Army have been martyred. The question remains that why has the evil of terrorism increased again. The Ameer said that those who are targeting civilians and the law enforcement agencies are, in fact, the enemies of the entire humanity, not just Pakistan. The criminals, and their foreign sponsors, behind this treacherous wave of terrorism are, in truth, executing the plan to ruin the peace, stability and security of Pakistan. The Ameer demanded that the government must bring to justice all those involved in this atrocious new wave of terrorism and all domestic and foreign sponsors of the terrorists must be dealt with iron hand. We must not forget that terrorist organizations connected to USA and India had caused significant damage to Pakistan in the past. The Ameer concluded by supplicating that may Allah *(SWT)* grant the deceased lofty ranks in paradise and swift recovery to those injured. *Ameen!*

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan